# 1991 - گرم پانی سے وضوء کرنے کا حکم

**سوال**

گرم پانی کے ساتھ وضوء کرنے کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

گرم پانی کے ساتھ وضوء کرنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن شدید گرمی کےوقت ایسا کرنے سے وضوء تو صحیح ہے لیکن مکروہ ہوگا، کیونکہ ایسا کرنے میں جلد کو تکلیف جلن ہو گی.

اس میں پہلے سے اختلاف ہے کہ آیا گرم پانی سے طہارت ہو جاتی ہے یا نہیں ؟

لیکن صحیح یہی ہے کہ یہ حدث کو دور کر دیتا ہے، اور طہارت ہو جاتی ہے، بلکہ ٹھنڈے اور برفانی علاقوں میں تو ایسا کرنا لازمی ہے، لیکن اگر کوئی شخص نجس ایندھن سے پانی گرم کرے تو ایسا کرنا مکروہ ہے.